بِرج کورس ۲۰۲۳ء - اُردو - دسویں جماعت - پیشگی جانچ (Pre Test)

جماعت : دسویں (X) نمبرات : 30/.........

طالب علم کا نام : .... حاضری نمبر : ....

اسکول کا نام : ....

سوال ۱ : ذیل میں دیے گئے واحد الفاظ کی جمع لکھیے۔ (2)

۱۔ خط - .... ۲۔ قوم - ....

۳۔ دفتر - .... ۴۔ عمارت - ....

سوال ۲ : دیے گئے الفاظ کی ضد لکھیے۔ (2)

۱۔ رفیق - .... ۲۔ نفرت - ....

۳۔ فتح - .... ۴۔ کثرت - ....

سوال ۳ : درج ذیل الفاظ کے ہم معنی الفاظ لکھیے۔ (2)

۱۔ کاوش - .... ۲۔ عالم - ....

۳۔ عَلَم - .... ۴۔ فلک - ....

سوال ۴ (الف): درج ذیل محاورے اور ان کے معنی کی جوڑیاں لگائیے۔ (2)

الف	جواب	ب
تاراج کرنا	....	بہت زیادہ تنگ کرنا
ناک میں دم کرنا	....	مشکلات کا سامنا کرنا
سرزنش کرنا	....	برباد کرنا
پاپڑ بیلنا	....	بُرا بھلا کہنا، سختی سے ڈانٹنا

(ب) : درج ذیل محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ (4)

۱۔ اچٹ جانا : ....

۲۔ کلیجا ٹھنڈا ہونا : ....

۳۔ کافور ہونا : ....

۴۔ دانت کاٹی روٹی کھانا : ....

سوال ۵ (الف) : ذیل کے ہر مطلب کے لیے کہاوت لکھیے۔ **(2)**

ا۔ جان بوجھ کر لڑائی مول لینا : ....

۲۔ بے وقوفوں میں ذرا عقل رکھنے والا لائق سمجھا جاتا ہے۔ ....

۳۔ ہر طرح سے فائدے اور مزے : ....

۴۔ اپنے گھر میں کمزور بھی طاقت ہوتا ہے : ....

(ب) : درج ذیل کہاوتیں مکمل کیجیے۔ **(2)**

ا۔ پانچوں اُنگلیاں گھی میں ....

۲۔ جس کی لاٹھی ....

۳۔ ایک ہاتھ سے ....

۴۔ اونٹ رے اونٹ ....

سوال ٦ (الف) : درج ذیل اشعار کی صنعت پہچانیے۔ **(2)**

گاہ مرتا ہوں گاہ جیتا ہوں آنا جانا تیرا قیامت ہے

....

کیا کہا خضر نے سکندر سے اب کسے رہنمائی کرے کوئی

....

(ب) : درج ذیل صنعتوں کی تعریف لکھیے۔ (کوئی دو) **(2)**

ا۔ صنعتِ مراعات النظیر : ....

....

ا۔ صنعتِ مبالغہ : ....

....

سوال ۷ : درج ذیل اصنافِ سخن کی تعریف لکھیے۔ (2)

ا۔ ڈراما : ....

....

۲۔ قصیدہ : ....

....

سوال ۸ : ذیل کی نظم کا بغور مطالعہ کرکے دی ہوئی سرگرمیاں مکمل کیجیے۔

ا۔ اس نظم میں آئے ہوئے ہندی الفاظ چن کر ان کے سامنے ان کے معنی لکھیے۔ (کوئی چار) (2)

۱) .... ۲) ....

۳) .... ۴) ....

داتا دے دے گیان
ہمارا من مورکھ نادان
جیون کام کی بہتی دھارا
جیون دھیان کا روپ ہے پیارا
اس کی کیا پہچان
ہمارا من مورکھ نادان
جیون کی گنگا ہے گہری
رنگ کئی ہے بات اکہری
دیکھ کے دل حیران
ہمارا من مورکھ نادان

ناچ، گیت ایک رات کے ساتھی
سب ہیں سکھ کی بات کے ساتھی
سنگت کے سامان
ہمارا من مورکھ نادان
گیان دھیان کی راہ نہ سوجھے
ایک پہیلی کیسے بوجھے
بوجھ بوجھ ہلکان
ہمارا من مورکھ نادان

۲۔ دی گئی نظم کی صنف کا نام لکھ کر اس کی تعریف لکھیے۔ (2)

....

....

سوال ۹ : درج ذیل شعر کی تشریح کیجیے۔ (2)

دامن پہ کوئی چھینٹ نہ خنجر پہ کوئی داغ
تم قتل کرو ہو کہ کرامات کرو ہو

....

....

....

سوال ۱۰ (الف) : زیرِ اضافت کی دو تراکیب لکھیے۔ (1)

ا۔ ....

۲۔ ....

(ب) : پہلی جوڑی کا تعلق پہچان کر دوسری جوڑی مکمل کیجیے۔

ا۔ مفید : فائدہ مند :: مضر : ....

۲۔ اثر : اثرات :: نتیجہ : ....